پریس ریلیز

گوجرانوالہ 02 مارچ 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب، سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل اور نائب صدر عادل ندیم نے مشترکہ بیان میں غیر ملکی کرنسی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی کرنسی جو کہ پہلے ہی نامساعد حالات کے پیش نظر زبوں حالی کا شکار ہے۔ ڈالر کی قیمت میں حالیہ اضافہ سے بیرونی قرضوں میں بے انتہا اضافہ ہوگا اور معیشت پر منفی اثرات مرتب ہونگے۔ مہنگائی کا ایک نیا طوفان برپا ہو جائے گا۔ جبکہ عوام پہلے ہی پٹرول و پٹرلیم مصنوعات، اشیاء خورد ونوش و دیگر قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ کی چکی میں بری طرح پس رہی ہے۔ خدارا ملکی کرنسی و کاروباری حالات کو دیکھتے ہوئے مارکیٹ میں ڈالر کو کنٹرول کرنے کیلئے ٹھوس حکمت عملی اپنائی جائے تاکہ پاکستانی کرنسی کو مزید ڈی ویلیو ہونے سے بچایا جاسکے۔ علاوہ ازیں ہمارے کاروباری حالات اس قدر پریشان کن ہو چکے ہیں کہ ایکسپورٹ میں اضافہ ممکن ہی نہیں۔ پیداواری مصنوعات کی لاگت میں اس قدر اضافہ ہو چکا ہے کہ ہم مقابلہ کی دوڑ میں بھی پیچھے ہٹ رہے ہیں۔

نیز انہوں نے حکومت کی توجہ گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کیطرف بھی مبذول کراتے ہوئے کہا کہ گیس سے چلنے والی انڈسٹری خصوصاً سرامکس اور ٹیکسٹائل انڈسٹری تباہی کے دھانے پر پہنچ گئی ہے لاکھوں مزدور بے روزگار ہو چکے ہیں۔ انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ اگر گیس کی قیمتوں میں فوری کمی نہ کی گئی تو باقی ماندہ انڈسٹری بھی مکمل طور پر بند ہو جائے گی لوگوں کو روزگار نہیں ملے گا تو لوگ فاقہ کشیوں پر مجبور ہو جائیں گے۔ جبکہ لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال بھی خواب ہوسکتی ہے۔ لہٰذا بزنس کمیونٹی اور مزدوروں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت فوری طور پر ڈالر اور گیس کی قیمتوں میں خصوصی ریلیف دے۔